# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 14 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴/اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر سمیت بیشتر اضلاع میں ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات کیلئے ریزرویشن کی قرعہ اندازی کا اعلان۔

☆ صنعتی شعبے میں ریاست کو مستقل طور پر سرِ فہرست رکھنے کی تمام کاوشیں کی جائیں گی: وزیرِ صنعت اُدئے سامنت کا عزم؛ مراٹھواڑہ میں تین صنعتوں کو برآمدات کیلئے سونے کے تمغے۔

☆ کانگریس نے مہاراشٹر نونرمان سینا کو مہاوِکاس آگھاڑی میں شامل کرنے کی مخالفت۔

☆ ایس ٹی ملازمین وافسران کو دیوالی بونس اور تہوار کیلئے پیشگی رقم ملے گی: نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ دہلی ٹسٹ میچ میں بھارت فتح سے 58 رنز دور؛ ویسٹ انڈیز نے دوست اننگز میں کیا سخت مقابلہ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے آئندہ انتخابات کیلئے کل مختلف اضلاع میں کل ریزرویشن کی قرعہ اندازی کا اعلان کیا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع پریشد کی کُل 63 نشستوں میں سے 35 سیٹیں کھلے زمرے کیلئے مخصوص کی گئی ہیں، جن میں سے 17 نشستیں خواتین کیلئے مختص کی گئی ہیں، پسماندہ طبقات کیلئے آٹھ نشستیں، پسماندہ طبقات کی خواتین کیلئے 9 نشستیں، درجِ فہرست ذاتوں (SC) کیلئے چار، درجِ فہرست ذاتوں (SC) کی خواتین کیلئے ایک نشست، درجِ فہرست قبائل (ST) کیلئے ایک اور درجِ فہرست قبائل (ST) کی خواتین کیلئے دو نشستیں محفوظ کی گئی ہیں۔

ناندیڑ ضلع پریشد کی 65 نشستوں اور پنچایت سمیتیوں کی 120 نشستوں کیلئے ریزرویشن کی قرعہ اندازی کی معلومات ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے دی۔ انھوں نے بتایا کہ درجِ فہرست ذاتوں (SC) کیلئے 13 نشستیں، درجِ فہرست قبائل کیلئے چھ نشستیں، پسماندہ طبقات کیلئے 17، جبکہ کھلے زمرے کیلئے 29 نشستیں محفوظ کی گئی ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ یہ قرعہ اندازی چٹھیاں نکال کر شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے کی گئی۔

بیڑ ضلع پریشد کی کُل 61 نشستوں میں سے 16 نشستوں کیلئے ریزرویشن کی قرعہ اندازی کل کی گئی۔ یہ نشستیں دیگر پسماندہ طبقات (OBC) کیلئے محفوظ کی گئی ہیں۔ ان میں سے آٹھ نشستیں خواتین کیلئے ریزرو کی گئی ہیں۔

پربھنی ضلع پریشد میں درجِ فہرست ذاتوں (SC) کیلئے سات نشستیں، پسماندہ طبقات کیلئے 14 ‘ کھلے زمرے کی خواتین کیلئے 16 ‘ اور کھلے گروپ کیلئے 16 نشستیں محفوظ کی گئی ہیں۔ جنتور تعلقے آڑ گاؤں بازار کو درجِ فہرست قبائل (ST) کیلئے مختص کیا گیا ہے۔

دھاراشیو ضلع پریشد کی 55 میں سے چار نشستیں درجِ فہرست ذاتوں (SC) کیلئے پانچ درجِ فہرست ذاتوں (SC) خواتین کیلئے ایک نشست درجِ فہرست قبائل (ST) کیلئے سات نشستیں پسماندہ طبقات کیلئے سات نشستیں پسماندہ طبقات کی خواتین کیلئے کھلے زمرے کیلئے 15 نشستیں، جبکہ کھلے زمرے کی خواتین کیلئے 16 نشستیں محفوظ کی گئی ہیں۔

لاتور ضلع پریشد کیلئے قرعہ اندازی میں درجِ فہرست ذاتوں (SC) کیلئے 12 سیٹیں، درجِ فہرست قبائل (ST) کیلئے دوٗ دیگر پسماندہ طبقات (OBC) کیلئے 15 سیٹیں اور کھلے زمرے کیلئے 30 نشستیں محفوظ کی گئی ہیں۔ لاتور ضلع کی پنچایت سمیتیوں کے چیئرمین عہدے کیلئے دو نشستیں درجِ فہرست ذاتوں (SC) کیلئے، تین نشستیں دیگر پسماندہ طبقات (OBC) کیلئے اور پانچ نشستیں کھلے زمرے کیلئے مختص کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی انتخابی کمیشن نے میونسپل کاؤنسلز اور نگر پنچایتوں کے انتخابات کیلئے Zones کے مطابق تیار کی گئی انتخابی فہرستوں پر اعتراضات اور تجاویز درج کرنے کی آخری تاریخ میں 17 اکتوبر تک توسیع کر دی ہے۔ Zones کے مطابق حتمی ووٹر لسٹ آئندہ 31 اکتوبر کو شائع ہوگی۔

***** ***** *****

صنعت کے وزیر اُدئے سامنت نے مہاراشٹر کو صنعتی شعبے میں سرِ فہرست رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنے کا تیقن دیا ہے۔ گذشتہ دو برسوں کے مہاراشٹر اسٹیٹ ایکسپورٹ ایوارڈس وزیرِ موصوف کے ہاتھوں کل ممبئی میں تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر وہ بول رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ داؤوس، جرمنی اور جاپان جیسے غیر ملکی دوروں میں دستخط کیے گئے معاہدوں کے ذریعے ریاست میں کی گئی سرمایہ کاری میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ سامنت نے بتایا کہ مہاراشٹر ملک کی پہلی ریاست ہے جس نے ان معاہدوں میں سے 80 فیصد کو نافذ کیا ہے۔ تقسیمِ انعامات کی تقریب میں پربھنی کی ایک صنعت اور چھترپتی سمبھاجی نگر کی دو صنعتوں کو سونے کے تمغوں سے نوازا گیا۔ لاتور، رتنا گری، ناگپور اور گڈ چرولی کے ضلع کلکٹرس کو برآمدات میں اضافہ کرنے کیلئے ان کے بہترین کام کی خاطر تعریفی سندیں دی گئیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس نے مہاراشٹر نونرمان سینا کو مہاوِکاس آگھاڑی میں شامل کرنے کی مخالفت کی ہے۔ بلدیاتی انتخابات کے پس منظر میں کل ممبئی میں کانگریس عہدیداران کی میٹنگ ہوئی۔ اس میں قائدین نے متفقہ طور پر ممبئی میونسپل کارپوریشن الیکشن اکیلے لڑنے کا مطالبہ کیا۔ ممبئی کی پارٹی صدر ورشا گائیکواڑ نے میٹنگ کے بعد صحافیوں کو بتایا کہ کانگریس کا کسی بھی سیٹ پر دوستانہ مقابلہ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ کانگریس عہدیداروں نے بتایا کہ MNS کے ساتھ انتخابی اتحاد سے متعلق انھوں نے سینئر رہنماؤں کو مطلع کیا ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ST) کے افسران و ملازمین کو چھ ہزار روپئے دیوالی بونس دینے کے فیصلے کا اعلان کیا۔ ایس ٹی کے تمام ملازمین کی تنظیموں اور ایکشن کمیٹی کی میٹنگ کل ممبئی میں منعقد ہوئی، جس کے بعد یہ اعلان کیا گیا۔ حکومت نے اس کیلئے 65 کروڑ روپئے مختص کیے ہیں۔ ساتھ ہی ایس ٹی کارپوریشن کے چیئرمین پرتاپ سرنائیک نے بتایا کہ انھوں نے حکومت سے اہل ملازمین کو 12 ہزار 500 روپئے فیسٹیول ایڈوانس فراہم کرنے کیلئے 54 کروڑ روپئوں کے فنڈ کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ بھارت مینوفیکچرنگ کے ذریعے چلنے والی معیشت کے ذریعے ہی ایک ترقی یافتہ ملک بن سکتا ہے۔ وزیرِ موصوف کل ملک میں اسکولی سطح کے ہیکاتھن مقابلے اور ترقی یافتہ بھارت بلڈ۔تھان 2025 کے افتتاح کے موقع پر بول رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ترقی یافتہ ملک بننے کیلئے بھارت کو ایک واضح نظریے، جدید ٹکنالوجی اور آئی ٹی کے فراہم کردہ حل کی ضرورت ہے۔ انھوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ مستقبل میں طلبہ یہ حل تلاش کرلیں گے۔ بلڈ۔تھان میں حصہ لینے والے تمام طلبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے پردھان نے کہا:

***Byte: Education Minister Dharmendra Pardhan***

تین لاکھ سے زائد اسکولوں اور 25 لاکھ سے زائد طلبہ واساتذہ نے آن لائن طریقے سے اس بلڈ۔تھان مقابلے میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

رواں مالی برس میں ملک میں براہِ راست ٹیکس کی وصولی 6.33 فیصد بڑھی ہے جو اب 12 لاکھ کروڑ روپئوں سے زیادہ ہوگئی ہے۔محکمۂ انکم ٹیکس نے یہ اطلاع دی۔ یکم اپریل تا 12 اکتوبر کے دوران خالص کارپوریٹ ٹیکس کی وصولی تقریباً پانچ لاکھ کروڑ روپئے تھی، جبکہ غیر کارپوریٹ ٹیکس کم وبیش 6.5 لاکھ کروڑ روپئے وصول کیا گیا۔تاہم Refund کے بعد اس میں 16 فیصد کی کمی آئی ہے، جس سے غیر کارپوریٹ ٹیکس وصولی دو لاکھ کروڑ روپئوں تک محدود ہوگئی۔

***** ***** *****

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا ہے کہ ریلوے پولس دستوں میں تقررات اب اسٹاف سلیکشن کمیشن کے ذریعے کیے جائیں گے۔ وزیرِ موصوف کل گجرات کے ولساڑ میں ریلوے پولس فورس کے 41 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

بھارت، ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسرے ٹسٹ میچ میں فتح سے صرف 58 رنوں کی دوری پر ہے۔ ویسٹ انڈیز کی دوسری اننگ کل 390 رنوں پر ختم ہوگئی۔ کلدیپ یادو اور جسپریت بمراہ نے تین تین، محمد سراج نے دو جبکہ رویندر جڈیجہ اور واشنگٹن سندر نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم کی جانب سے دیئے گئے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے بھارت کے سلامی بلّے باز یشسوی جیسوال آٹھ رن بنا کر آؤٹ ہوگئے، جبکہ کے ایل راہل 25 اور سائی سدرشن 30 رنوں پر کھیل رہے ہیں۔

***** ***** *****

اب موسم کا حال: موسمی بارش مانسون نے کل مہاراشٹر سے واپسی کا سفر مکمل کیا۔ اب مانسون صرف جنوبی بھارت اور اڈیشہ سے لوٹ رہا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آئندہ دو دِنوں میں ریاست کے چند مقامات پر بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ چھترپتی سمبھا جی نگر سمیت بیشتر اضلاع میں ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات کیلئے ریزرویشن کی قرعہ اندازی کا اعلان۔
- ☆ صنعتی شعبے میں ریاست کو مستقل طور پر سرِ فہرست رکھنے کی تمام کاوشیں کی جائیں گی: وزیرِ صنعت اُدئے سامنت کا عزم؛ مراٹھواڑہ میں تین صنعتوں کو برآمدات کیلئے سونے کے تمغے۔
- ☆ کانگریس نے مہاراشٹر نونرمان سینا کو مہاوِکاس آگھاڑی میں شامل کرنے کی' کی مخالفت۔
- ☆ ایس ٹی ملازمین وافسران کو دیوالی بونس اور تہوار کیلئے پیشگی رقم ملے گی: نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ دہلی ٹسٹ میچ میں بھارت فتح سے 58 رنز دور؛ ویسٹ انڈیز نے دوسرے انگز میں کیا سخت مقابلہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****